# نہم لاہور بورڈ 2012

ایلیمنٹس آف ہوم اکنامکس پرچہ I (انشائیہ طرز)

وقت: 2.10 گھنٹے (پہلا گروپ) کل نمبر: 60

## (حصہ اول)

-2 کوئی سے سات (7) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 14

(i) ہوم اکنامکس کی تعلیم کا کیا مقصد ہے؟

(ii) ماحولیاتی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

(iii) اپنی شخصیت کا جائزہ کس طرح لیا جاسکتا ہے؟

(iv) ایک سے تین سال کے بچوں کی دو عادات اور طرز عمل بیان کیجیے۔

(v) بچوں کی عادات کو سمجھنے سے متعلق دو مفید باتیں بیان کیجیے۔

(vi) بچہ اگر دیوار پر لکھنے کا شوقین ہو تو کیا کرنا چاہیے؟

(vii) چھ سے دس سال کی عمر کے بچوں کی چند بری عادات لکھیے۔

(viii) اپنے والدین سے اچھے تعلقات استوار کرنا کیوں ضروری ہے؟

(ix) آپ اپنے دادا یا دادی کی خدمت کس طرح کر سکتی ہیں؟

(x) تین سے پانچ سال کی عمر کے بچوں کے لئے کون سے کھلونے مناسب ہوں۔

-3 کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) لباس کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(ii) قرآن مجید میں لباس کے بارے میں کیا تلقین فرمائی گئی ہے؟

(iii) ننھے بچوں کے لئے کیسا لباس موزوں ہے؟

(iv) شخصیت کو بہتر بنانے میں لباس کس طرح مدد دیتا ہے؟

(v) بیضوی چہرے کے لئے لباس اور بالوں کا سٹائل کیسا ہونا چاہیے؟

(vi) بنیادی رنگ کون سے ہوتے ہیں؟

(vii) ثانوی رنگ کون سے دو رنگوں کو ملانے سے حاصل ہوتے ہیں؟ مثال دیجیے۔

(viii) موٹی اور پتلی لڑکی کے لئے کیسا لباس موزوں رہے گا؟

www.ilmkidunya.com

-4 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) پارچہ بافی کے لئے استعمال ہونے والے ریشے کن ذرائع سے حاصل ہوتے ہیں؟

(ii) سوت کی تیاری کے مختلف مراحل لکھیے۔

(iii) سوتی کپڑوں کی تین خصوصیات تحریر کیجیے۔

(iv) پارچہ بافی کے معدنیاتی ذرائع کون سے ہیں؟

(v) لینن کے کپڑوں کی چار خصوصیات لکھیے۔

(vi) اونی کپڑوں کی کتنی قسمیں ہیں؟

(vii) اونی دھاگے کی تیاری کے دو مراحل لکھیے۔

(viii) ریشم کے کیڑے کی مختصر زندگی کی حالتوں کا ذکر کیجیے۔

(ix) موسم گرما کے کپڑوں کی حفاظت کیسے کی جاتی ہے؟

## (حصہ دوم)

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔

-5 ہوم اکنامکس کا مختلف علوم کے ساتھ کیا تعلق ہے؟ تفصیلاً تحریر کیجیے۔ 8

-6 کردار اور شخصیت کی پختگی کے بارے میں تفصیلاً لکھیے۔ 8

-7 سہیلیوں اور دوسرے لوگوں میں ہر دلعزیز بننے کے لئے کن اصولوں پر عمل کریں گی؟ 8

-8 لباس کا انتخاب کرتے وقت کن باتوں کو مدنظر رکھیں گی؟ 8

-9 درج ذیل پر نوٹ لکھیے: 4,4

(الف) سوتی کپڑوں کی دھلائی

(ب) اونی کپڑوں کی دھلائی